SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرVIII مجریہ 2015

THE SINDH ACT.VIII OF 2015

سندھ وبائی امراض ایکٹ، 2014

THE SINDH EPIDEMIC DISEASES ACT,2014

(CONTENTS فہرست)

تمہید

(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان،اضافہ اور شروعات .

Short title, extend and commencement.

2. تعریف

Definition

3. خاص تدابیر لینے کا اختیار اور خطرناک وبائی امراض کے متعلق ضوابط بیان کرنا

Power to take special measures and regulations as to dangerous epidemic disease.

4. جرمانہ

Penalty

.5 ضوابط

Regulations.

.6 منسوخی.

Repeal.

سندھ ایکٹ نمبرVIII مجریہ 2015

THE SINDH ACT.VIII OF 2015

سندھ وبائی امراض ایکٹ، 2014

THE SINDH EPIDEMIC DISEASES ACT,2014

[9 جنوری 2015]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں خطرناک وبائی امراض کے پھیلنے سے بچاؤ سے متعلق قانون کو مستحکم بنایا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں خطرناک وبائی امراض پھیلنے سے بچاؤ سے متعلق قانون کو مستحکم بنانا ضروری ہو گیا ہے،

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا،

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ وبائی امراض ایکٹ، 2014 کہا جائے گا۔

(2) اس کی پورے سندھ صوبے تک توسیع کی جائے گی۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف Definition

2. اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہوں، تب تک،

(a) "بیماری" سے مراد خطرناک وبائی امراض

(b) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت

خاص تدابیر لینے کا اختیار اور خطرناک وبائی امراض کے

3.(1) جب کسی بھی وقت حکومت مطمئن ہے کہ صوبہ یا اس کا کوئی حصہ کسی بیماری سے متاثر ہوا ہے یا کوئی بیماری پھیل رہی ہے تو حکومت، اگر یہ سمجھتی ہے کہ وقتی طور پر لاگو

متعلق ضوابط بیان کرنا

Power to take special measures and regulations as to dangerous epidemic disease.

قانون کی عام گنجائش اس مقصد کے لیئے کافی نہیں ہے تو یہ عوامی نوٹس کے ذریعے ایسی تدابیر لے سکتی ہے یا کسی شخص کو تدابیر لینے کے لیئے کہے یا بااختیار بنا سکتی ہے، ایسے عارضی ضوابط بیان کر سکتی ہے جو عوام کی طرف سے اپنائے جائیں یا کسی فرد یا افراد کے طبقے یا پھیلنے سے روکنے کے لیئے ضروری سمجھے، اور طے کر سکتی ہے کی کس طریقے اور کسی کی جانب سے (بشمول معاوضے، اگر کوئی ہو) اس پر کیا گیا خرچ برداشت کیا جائے گا۔

(2) خاص طور پر اور مندرجہ بالا گنجائشوں کو عام حیثیت سے تضاد کے سوا حکومت تدابیر لے سکتی ہے اور ریلوے اور دوسری صورت میں سفر کرنے والے افراد کی جانچ کے لیئے ضابطے بیان کر سکتی ہے، جانچ کرنے والے آفیسر کی طرف سے ایسی کسی بیماری سے متاثر ہونے کا شک مذکورہ افراد کو اسپتال میں عارضی رہائش الگ کر سکتی ہے یا دوسری صورت میں انتظام کر سکتی ہے۔

(3) حکومت عام یا خاص حکم کے ذریعے ڈپٹی کمشنر کو ضلع کے سلسلے میں اس دفعہ کے تحت تمام اختیارات استعمال کرنے کے لیئے بااختیار بنا سکتی ہے، جو صوبے کے سلسلے میں حکومت کے استعمال لائق ہوں سوائے اس اختیار کے کس طریقے اور کس کی طرف سے خرچ (بشمول معاوضے، اگر کوئی ہو) برداشت کیئے جائیں گے۔

(4) حکومت کی طرف سے سونپے گئے اختیارات کا استعمال ایسی پابندیاں، حدود اور شرائط، اگر کوئی ہوں، سے ہوگا، جیسے حکومت کی طرف سے بیان کی گئی ہوں اور ضابطے اور نگرانی حکومت کی طرف سے کی جائے گی۔

جرمانہ

Penalty

4. کوئی شخص جو اس ایکٹ کے تحت کسی ضابطے یا کیئے گئے حکم کا نہ مانے تو اسے پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 188 کے تحت قابل سزا جرم کا مرتکب سمجھا جائے گا۔

ضوابط

Regulations.

5. حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضوابط بنا سکتی ہے۔

منسوخی

Repeal.

6. سندھ صوبے سے متعلق مغربی پاکستان وبائی امراض ایکٹ، 1985 کی گنجائشوں اور سندھ صوبے کی طرف سے وقتاً فوقتاً اس میں کی گئی ترامیم منسوخ کی جاتی ہیں.

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔